صفحات 4 قیمت 20 روپے

karnamadaily@gmail.com, daily.karnama@yahoo.com

وہاڑی اور لودھراں سے بیک وقت شائع ہونیوالا پہلا معتبر ABC CERTIFIED اور کثیر الاشاعت اخبار

MEMBER APNS

روزنامہ کارنامہ

Daily KARNAMA Vehari

بانی غلام رسول مغل

ایڈیٹر طارق جاوید مغل

وہاڑی

ہیڈ آفس ملتان

061-4516171

جلد نمبر 32 | ہفتہ 20 رجب المرجب 1447ھ 10 جنوری 2026ء 27 پوہ | شمارہ نمبر 09

وفاقی محتسب کو عام عوام کے درمیان بھی تنازعات کا فیصلہ کرنے کا اختیار ہے، محمد رشید قمر

ایڈوائزر وفاقی محتسب نے محمد اختر سکنہ خان گڑھ کی درخواست پر فیصلہ سنا دیا

ملتان (سٹاف رپورٹر) وفاقی محتسب کے افس کو نہ صرف وفاقی محکمہ جات کے خلاف شکایت نپٹانے کا اختیار ہے بلکہ صوبائی اور لوکل گورنمنٹ کے علاوہ عام عوام کے درمیان بھی تنازعات کا فیصلہ کرنے کا اختیار ہے۔ یہ بات اج محمد رشید قمر ایڈوائزر وفاقی محتسب ملتان ریجن نے ایک شکایت کا فیصلہ کرتے ہوئے بتائی۔ انہوں نے بتایا کہ) وفاقی محتسب ارڈر (1984 کے ارٹیکل 33 وفاقی محتسب افس کو اختیار دیتا ہے کہ وہ تنازعات کا غیر رسمی فیصلہ کرتے ہوئے تمام محکمہ جات وفاقی حکومت مع صوبائی و لوکل گورنمنٹ کے خلاف بھی شکایت سن کر فیصلہ کریں۔ اور اسی ارٹیکل کے تحت عام عوام کے درمیان تنازعات کا غیر رسمی فیصلہ بھی کر سکتا ہے۔ یاد رہے کہ محمد اختر خان سکنہ خان گڑھ ضلع مظفر گڑھ نے وفاقی محتسب ریجن افس ملتان میں طارق محمود کے خلاف شکایت درج کروائی تھی کہ اس کی والدہ حمیدہ بانو کی شجاع اباد میں 19 کنال ذرعی اراضی تھی جو اس نے اپنے چچا زاد بھائی طارق محمود کو مبلغ 33 لاکھ میں 2017 میں فروخت کر دی تھی اس وقت طارق محمود نے والدہ کو موقع پر مبلغ 15 لاکھ روپیہ نقد ادا کر دیے تھے جبکہ بقایا رقم مبلغ 18 لاکھ روپیہ بعد میں ادا کرنے کا وعدہ کیا تھا جو کہ اس نے اج تک ادا نہ کیے ہیں جبکہ طارق محمود نے وہی اراضی اگے کسی دیگر شخص کو فروخت کر دی ہے۔ جس پر طارق محمود کو طلب کیا گیا اور تنازعہ کی بابت پوچھا گیا تو اس نے لیت و لعل کرتے ہوئے تسلیم کیا کہ حمیدہ بانو کے مبلغ 14 لاکھ روپیہ بابت خرید اراضی واجب الادا ہیں اور اس کی ادائیگی کا وعدہ کیا۔ اس کی ادائیگی کے سلسلے میں اج طارق محمود نے مبلغ 14 لاکھ روپے کا چیک بنام حمیدہ بانو روبرو فاضل ایڈوائزر حوالے محمد اختر خان سائل پسر حمید بانو کیا اس موقع پر فاضل ایڈوائزر نے مندرجہ بالا قانونی نقطے کی وضاحت کرتے ہوئے بتایا کہ وفاقی محتسب کے دفتر کو عام عوام کے مابین تنازعات کو غیر رسمی طور پر نپٹانے کا پورا اختیار ہے اس لیے عام عوام کو بھی اپنے تنازعات غیر رسمی طور پر نپٹانے کے لیے وفاقی محتسب ریجنل افس ملتان میں رابطہ کر کے درخواست دینی چاہیے۔